# حسرت

جناب عابد رضا صاحب بیدار رضا لائبریری رامپور

۱۹۱۰ء (دسمبر کا پرچہ نہیں ملا)

مشاہدات زنداں (جنوری تا نومبر) - از حسرت

ادبی مضامین :- ظفر دہلوی (جنوری)، ذوق دہلوی (فروری)، مذاق بدایونی (مارچ)، نوا بدایونی (اپریل)؛- انور دہلوی (مئی)؛ تنویر دہلوی (جون)، معروف دہلوی (جولائی) میرزا علی لطف (اگست)؛ عبداللہ خاں مہر لکھنوی (ستمبر)؛ عبداللہ خاں مہر کی شاعری (اکتوبر) عبدالحیٔ تاباں (اکتوبر)؛ مرزا مچھو بیگ عاشق لکھنوی (نومبر) - از حسرت

انیس کا ابتدائی اور انتہائی کلام، از شوکت بلگرامی (جون)

امیر کا ابتدائی اور انتہائی کلام از شوکت بلگرامی (نومبر)

دیوانِ تعشق مرحوم - از احسن اللہ خاں ثاقب (فروری)

تنبا کو یا تمبا کو - از سید اکبر حسین جج الہ آبادی (ستمبر)

ضمیموں میں :-

انتخاب دیوان :- اثر عظیم آبادی، ولی دکنی - فراسو - واجد علی شاہ اختر - قادر بخش صابر - درد - انشا - شاکی میرٹھی - مثنوی اسرار محبت از نواب محبت خاں -

سیاسی - متفرقات :-

اپنے اہل وطن کے نام - از بابو آربند ھو گھوش

سنیاسی اور پالیٹکس [ خواجہ حسن نظامی نے گھوش پر خونی درویش کے عنوان سے سخت تنقید کی تھی۔ یہ مضمون اسی کے جواب میں حسرت نے لکھا ہے]

سوامی شوانند [ ایک دہشت پسند جن سے جیل میں ملاقات ہوئی فرنگی جیلخانوں میں کالے اور گورے کی تمیز۔]

ہندوستان کے پولیٹیکل قیدی۔

بابو آربندو گھوش

قومیت اور خود داری۔ از الطاف الرحمٰن قدوائی

(اخبار) "ہندوستان" لاہور کے، آربندو گھوش اور ضیاء الحق ایڈیٹر پیشوا پر سفیہانہ حملے۔

شعراء میں قابلِ ذکر یہ ہیں۔

وفا رام پوری، دلگیر اکبر آبادی، دیوانہ گورکھ پوری، نیاز فتحپوری، عرش گیاوی، شوکت بلگرامی، شفق عماد پوری، ضامن کنتوری، شاہ عبدالعلیم آسی سکندر پوری، اسمٰعیل میرٹھی احسن مارہروی اور امام نوشہروی

۱۹۱۰ء کے اُردوئے معلیٰ کے ذریعہ مندرجہ ذیل کتابوں اور رسالوں کا علم تنقید یا اشتہار کے ذریعہ ہوتا ہے۔

کتابیں:۔ خطوط امیر مینائی مرتبہ احسن اللہ خاں ثاقب (زیر طبع)

قدیم ہندوستان کی تہذیب۔ از۔ آر این دت۔ مترجمہ ولایت احمد۔

دیوان رضا علی وحشت۔ خمخانۂ جاوید از لالہ سری رام (پہلی جلد)

دیوان غالب طبع ثانی مع شرح حسرت (جنوری ۱۹۱۰ء)

رپورٹ اردو، بمبئی کانگریس، کلکتہ کانگریس۔ بنارس کانگریس۔

مختار اشعار (میر کا انتخاب) از عماد الملک بلگرامی۔

تذکیر و تانیث، از جلیل مانکپوری (سات ہزار الفاظ)

کلیات رضوان مرادآبادی ۔ تاج سخن (جلیل مانکپوری)
معجزۂ محبت (ناول) مترجمہ اکبر علی ایڈیٹر صحیفہ حیدرآباد
غنچۂ نوبہار: مجموعہ رباعیات شفق عمادپوری

اخبار و رسالے :۔

رسالہ اولڈبوائے بنارس (ستمبر ۱۹۱۰ء سے شروع)
رسالہ صبح اُمید' میسور (تین سال سے جاری ہے)
رسالہ نظام المشائخ' دہلی (جولائی ۱۹۰۹ء سے شروع)
رسالہ صلائے عام' دہلی' مدیر: میر ناصر علی
رسالہ ادیب الہ آباد ۔ مدیر نوبت رائے نظر (آغاز ۱۹۱۰ء سے شروع)
رسالہ دلگداز لکھنؤ (جنوری ۱۹۱۰ء سے تصاویر کا اضافہ)
رسالہ لسان العصر' لکھنؤ ' مدیر قاضی تلمذ حسین (دو نمبر نکل چکے ہیں)
رسالہ خلاصہ' علی گڈھ (دسمبر ۱۹۰۹ء سے شروع) (رسالوں سے انتخابات شائع کرنا اس کا مقصد ہے) ایڈیٹر عبدالسلام
اخبار نیّرِ اعظم مرادآباد (پُرانا اور وقیع اخبار) ایڈیٹر الیس ابن علی ۔
اخبار دہلی گزٹ (جاری)
رسالہ "پنجاب ریویو" ایڈیٹر ظفر علی خاں (جاری)
اخبار "مشرق" گورکھپور ۔ زیرنگرانی حکیم برہم (جاری)
رسالہ "عصمت" دہلی ۔ ایڈیٹر محمد عبدالراشد الخیری (جاری)
رسالہ "استبصار" رائے بریلی (فروری سے شروع)۔ "رسالہ زبان دہلی" خود اردوئے معلیٰ کا اشتہار اس طرح چھپتا تھا :۔

" رسالہ اُردوئے معلیٰ' علیگڈھ: سلسلہ جدید از اکتوبر ۱۹۰۹ء ایڈیٹر فضل الحسن

حسرت موہانی بی اے۔ مقاصد ضروری:۔

(منجملہ دیگر مقاصد) لٹریچر و پالٹیکس۔ قیمت سالانہ مع محصول ڈاک صرف عہ

نوٹ:۔ اردوئے معلیٰ کے ساتھ بطور ضمیمہ ہر ماہ اساتذۂ قدیم و جدید کے دواوین میں سے ایک کا انتخاب شائع ہوتا ہے۔ رسالہ کی قیمت مع دواوین عگ سالانہ مع محصول ہے۔

۱۹۱۱ء (جلد ۱۲)

جنوری:۔ حکیم غلام مولیٰ قلق دہلوی۔

مشاہداتِ زنداں (آخری نمبر)

کنور عبدالغفور خاں مرحوم

فروری:۔ سلسلہ شاہ حاتم (ہر شاعر کے نام، فہرست تصانیف، مطبوعہ یا غیر مطبوعہ کی تفصیل: حسرت دور اقبال تک)

نوح ناروی (ولادت ۱۸۷۹ء)

کتابیں:۔ مکتوباتِ امیر، مرتبہ ثاقب پر امیر احمد علوی کی تنقید۔ تقطیع ۱۸×۲۲۔

کلیاتِ اسمٰعیل (تقطیع ۲۰×۲۶) حجم ۳۷۶ صفحے) پر حسرت کا تبصرہ

مارچ:۔ شاگردانِ سودا

اپریل:۔ شاگردانِ قائم

مکتوباتِ امیر و موازنۂ امیر و داغ۔ تنقید از حسرت

نامہ اخگر (جلال، بحر اور دربار رامپور پر) از شمشیر بہادر اخگر

مئی کا پرچہ غائب ہے۔

جون:۔ ظہیر دہلوی (۱۸۲۵ء تا ۱۹۱۱ء)

مرحوم منشی امیر اللہ تسلیم (عرشی گیاوی کا نوٹ ہے کہ ۲۸ مئی ۱۹۱۱ء کو انتقال ہوا)

انتخاب دیوان نظم طباطبائی۔

تنقید کتب کی		ذیل ہیں۔

جامِ سرور۔ یعنی مرحوم سرور جہان آبادی کی نظموں کا مجموعہ۔ کلام فیروز امرتسری سابق اڈیٹر رسالہ مسیحا و ایشیا کی ۴۲ نظموں کا مجموعہ "( ہمارے نزدیک پنجاب کے شاعروں میں اقبال وظفر علی خاں کے بعد از روئے انصاف فیروز سے پہلے اور کسی کا نام نہیں لیا جا سکتا۔")

—— جنوری کے پرچے میں دیوانِ وحشت کا اشتہار ہے جس میں حالی۔ شبلی۔ ظہیر دہلوی شوق قدوائی، اثر عظیم آبادی۔ نظم طبا طبائی اور ڈاکٹر شیخ محمد اقبال ایم اے پی ایچ ڈی۔ بیرسٹرایٹ لاکی رائیں بھی درج ہیں۔ اقبال نے لکھا ہے۔

" آپ کی مضمون آفرینی اور ترکیبوں کی چستی قابل داد ہے۔ فارسی کلام بھی آپ کی طباعی کا نمونہ ہے۔ شعر کا بڑا خاصہ یہ ہے کہ ایک مستقل اثر پڑھنے والے کے دل پر چھوڑ جائے سو یہ بات آپ کے کلام میں بدرجہ اتم موجود ہے"

جولائی :- ( جلد بارہ ۱۲ ۔ نمبر سات ۷ )

تسلیم لکھنوی :- از حسرت موہانی۔

ادب الکاتب والشاعر ۲ : ترکیبِ الفاظ از سید علی حیدر طبا طبائی۔

اڈیٹوریل نوٹس :- جرمنی پین اسلامزم اور مصر: مصر میں لارڈ کچنر کا تقرر (حسرت کی سخت تنقید)

کتابیں اور رسالے :-

الفرائض : از محبوب الرحمن۔ کلیم۔ علی گڈھ (مسلمانوں کے قانونِ وراثت پر)

انشائے اردو یعنی مجموعہ خطوط بنام حضرتِ قیصر اڈیٹر الحجاب :

خمخانۂ سرور

مولانا حالی کی شرح اشعار غالب پر پنڈت کشن لال کی تنقید۔

رسالہ تمدن دہلی ( زیر اہتمام مولوی عبدالراشد الخیری)

رسالہ صبحِ امید امرتسر۔

ایجوکیشنل میگزین، غازی پور: اور
کلام الفوق ("حضرت اکبرالٰہ آبادی نے اُن کے بعض اشعار کی اپنے ریویو میں بہت کچھ تعریف کی ہے۔ شعرائے پنجاب کی فہرست میں اقبال، ظفر، فیروز، بسمل (ہوشیار پوری) اور پروفیسر ولی محمد ولی کے بعد ناظر۔ اعجاز، فوق ہی کے نام درج کیے جائیں گے۔)

اگست: تسلیم کی شاعری ۱؎ از حسرت موہانی
ادب الکاتب والشاعر ۲؎ از طباطبائی۔
تنقید کتب کے ذیل میں۔ امیر اللہ تسلیم کے تیسرے دیوان، دفتر خیال اشاعت رام پور کا ذکر

ستمبر۔ تسلیم کی شاعری ۳؎
اُردو زبان کے قدیم گلدستے، نمبر ۱
گلدستۂ شعرا، ضمیمۂ انوار الاخبار، لکھنؤ، ۱۸۷۴ء
گلکدۂ ریاض، خیرآبادی ۱۸۷۹ء، پیام یار، لکھنؤ ۱۸۸۳ء
تحفۂ عشاق لکھنؤ ۱۸۸۴ء۔ کرشمۂ دلبر خیرآباد ۱۸۸۵ء
ریاض سخن مرادآباد، ۱۸۸۵ء، دامنِ گلچیں، ۱۸۸۵ء
نغمۂ بہار لکھنؤ ۱۸۸۶ء۔ گلدستۂ کیف اناؤ۔ ۱۸۸۹ء
دامنِ بہار آگرہ ۱۸۹۲ء۔ گلچیں لکھنؤ، ۱۸۹۲ء
انتخاب لکھنؤ، ۱۸۹۳ء۔ تصویر عالم لکھنؤ ۱۸۹۶ء ریاض سخن۔ مارہرہ ۱۸۹۶ء
خدنگ نظر لکھنؤ ۱۸۹۷ء، (فتنہ۔ عطر فتنہ، ۱۸۸۵ء) معیار لکھنؤ ۱۸۹۷ء
——— تنقید رسائل کے ذیل میں لکھا ہے "ادیب" سے نوبت رائے نظر الگ ہو گئے ہیں نئے ایڈیٹر پیارے لال شاکر میرٹھی ہیں۔
انتخاب دیوان طاہر فرخ آبادی۔
اکتوبر نمبر نہیں ملا۔

نومبر:- شاگردان تسلیم ۲ : فخرالدین خیالی رائے بریلوی۔

رسم پردہ اوراس کی حقیقت:۔ ماخوذ ازکتاب تحریرالمرأۃ، قاسم امین بک مصری۔
(یہ قابلِ ذکر ہے کہ چند سال پیشتر الندوہ میں ابوالکلام آزاد، اسی کتاب کے رد میں
لکھی گئی کتاب المرأۃ المسلمہ پر تفصیلی تحسینی تبصرہ کرچکے ہیں)

انتخاب دیوان بنے صاحب، مشتاق لکھنوی

مسلمانوں پرجنگ اٹلی و ٹرکی کا اثر اوراس سے مسلمین و ہنودِ ہندستان کے فائدہ
اٹھانے کا امکان: خواجہ حسن نظامی کی فرمائش پرحسرت کا ایک نوٹ۔

دسمبر:- عرش گیاوی "تذکرہ

ادب الکاتب والشاعر نمبر۳ خزم کیا ہے۔ ازطباطبائی۔

مروجہ پردہ کا شرعی ثبوت: ماخوذ ازرسالہ النجم لکھنؤ۔

۱۹۱۲ء :-

جنوری • حاذق رام پوری • ادب الکاتب والشاعر، نمبر۵ • دنیائے اسلام اوردول یورپ
• انتخاب شاد عظیم آبادی

فروری کے شمارے میں: • احسن مارہروی • ادب الکاتب نمبر۶، • مسلم گزٹ (سلیم کی
ادارت میں جنوری ۱۹۱۲ء میں نکلا)

اپریل:- بے خود بدایونی (ازاڈیٹر)

ادب الکاتب والشاعر، نمبر۷

ایک بہادر اپنے نوجوان بیٹوں کی قبرپر۔ ماخوذازفتنہ۔

اردو زبان کے قدیم گلدستے:۔
گلدستۂ نتیجۂ سخن کلکتہ (اس میں اکثر ریاست حیدرآباد کے نظم ونسق کی دلچسپ
کیفیت اور وائسرایانِ ہند کے خیر مقدم کے علاوہ کبھی کبھی بعض رؤسا و مشاہیر کے

مختصر حالات مع اُن کی تصویروں کے شائع ہوتے تھے)
نتیجۂ سخن سے بعض غزلیں نقل کی گئی ہیں جن میں خواجہ قمرالدین راقم اور احمد مرزا خاں آگاہ شاگرد غالب کی غزلیں قابلِ ذکر ہیں۔ حصّۂ نثر سے "لارڈ رپن کو دیسی اخباروں کی طرف سے ورنیکلر پریس کی تنسیخ کے سلسلہ میں جو ایڈریس دیا گیا تھا اس کے سلسلہ کی ساری کارروائی کی روداد نقل کی گئی ہے اس کی ہمارے لئے اس لحاظ سے اہمیت ہے کہ اُس کے آخر میں اور کہیں کہیں بیچ بیچ میں اخباروں کے نام درج ہیں۔ جس سے عہدِ رپن میں ہندوستان کے اخبارات کا علم ہوجاتا ہے وہ اخبار مندرجہ ذیل ہیں:۔

بنگال۔ بہار اور اڑیسہ:۔

بھارت متر' کلکتہ۔ اسلام' کلکتہ۔ انڈین ریکو' کلکتہ۔ پرجا بندھو' چندر نگر۔ مسلمان بندھو کلکتہ۔ سنجیبی کلکتہ۔ دارالسلطنت کلکتہ۔ میدنی' میدنی پور۔ ہندی سماچار' بھاگل پور۔ انڈین مِنس' کلکتہ۔ پترکا' بہرم پور۔ سماچار' کلکتہ۔ ڈھاکہ پرکاش۔ گوہر' کلکتہ۔ سلہٹ پرکاش۔ سوراجھی' کلکتہ۔ اُنگل درپن' بلاسر۔ اردو گائیڈ' کلکتہ۔ سدھنکا' کلکتہ۔ گوپال بہار' کلکتہ۔ گلدستہ نتیجہ سخن' کلکتہ۔

ممالک مغربی و شمالی اودھ:۔

بھاجیلکا' کانپور۔ جلوۂ طور' میرٹھ۔ نورالانوار' کانپور۔ طوطی ہند' میرٹھ۔ مِس الٰہ آباد۔ بھارت اندو' بندرابن۔ آریہ درپن' بہارپور۔ بھارتیہ بندھو' علی گڈھ۔ الموڑہ اخبار۔ سودا سایر تاربک' فرخ آباد۔ بھارت دھورک' الموڑہ۔ نسیم ہند' فتحپور ہندواستھان' لکھنؤ۔ بھارت جیون' بنارس۔ بھالنیکر پرکاش' لکھنؤ۔ کاشی سماچار' بنارس۔ اودھ اخبار' لکھنؤ۔ ہریش چندرکا' بنارس۔ انوارالاخبار' لکھنؤ۔ پبلک اوپنین' بنارس۔ نسیم' آگرہ۔ این۔ ڈبلو۔ نیوز' بنارس۔ آگرہ اخبار۔ وقائع عالم غازی پور۔

(باقی)